نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ستمبر کاشتہ کماد بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **27 اگست 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کی ستمبر کاشت کے لیے موزوں وقت یکم ستمبر سے 30 ستمبر ہے۔ کماد کی کاشت کے لیے میرا اور بھاری میرا زمین موزوں ہے جس میں پانی کا نکاس بہتر ہو اور نامیاتی مادہ بھی کافی مقدار میں پایا جاتا ہوتاہم کماد کو ہلکی اور کمزور زمین میں بھی مناسب دیکھ بھال سے کاشت کیا جاسکتا ہے۔سیم اور تھور والی زمین کما کی کاشت کے لیے موزوں نہیں۔ گنے کی جڑیں زمین کے اندر کافی گہرائی تک جاتی ہیں اس لیے کم از کم ایک فٹ گہرائی تک زمین کا تیار ہونا بہت ضروری ہے۔کماد کی کاشت کے لیے زمین نرم، بھربھری اور ہموار کریں اور زمین کی تیاری گہرا ہل چلا کر کریں جبکہ زمین کی تیاری سے پہلے اچھی طرح گلی سڑی گوبر کی کھاد ڈالنی چاہیے۔روٹاویٹر اور دو دفعہ چزل ہل ایک دوسرے کے مخالف رخ چلا کر عام ہل اور سہاگہ سے زمین تیار کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ستمبر کاشت کیلئے درمیانی اور پچھیتی پکنے والی اقسام بہتر رہتی ہیں۔ان میں سے دریائی اور اس سے ملحقہ علاقوں کیلئے کماد کی منظور شدہ اقسام سی پی 400-77، سی پی ایف 237،ایس پی ایف 213 اور ایچ ایس ایف 240 ہیں۔ دیگر علاقوں کے لیے درج بالا اقسام کے علاوہ سی پی ایف 246 ،سی پی ایف 247،سی پی ایف 248 اور سی پی ایف 249 بھی کاشت کی جاسکتی ہیں۔ایس پی ایف 234 صرف جنوبی پنجاب یعنی دریائی علاقوں کے علاوہ راجن پور، بہاولپور اور رحیم یار خان کے اضلاع کے لیے موزوں ترین قسم ہے۔

☆☆☆☆